رہبر معظم نے آج کتاب کی تئیسویں بین الاقوامی نمائشگاہ کا مشاہدہ کیا - 12 /May/ 2010

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے آج صبح مصلی تہران میں کتاب کی تئیسویں بین الاقوامی نمائشگاہ کا قریب سے مشاہدہ کیا اور کتاب کے ناشرین اور مؤلفین سے تازہ ترین تالیفات ، ترجمہ اور نشر و اشاعت کی صورتحال کے بارے میں گفتگو کیـ

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے اس سال کتاب کی نمائشگاہ کے بارے میں رضامندی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا: کتاب کا مطالعہ زندگی کے اصلی امور کا حصہ ہے اور اگراس بات کی حقیقت کو سمجھ لیں تو پھر کتاب کے مطالعہ میں کوئی چیز رکاوٹ نہیں بنےگیـ

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے کتاب کے مطالعہ اور تعداد میں اضافہ پر تاکید کرتے ہوئے فرمایا: معاشرے کو کتاب کے ساتھ انس پیدا کرنا چاہیےـ

رہبر معظم انقلاب اسلامی، وزیر ثقافت اور ارشاد کے ہمراہآج صبح 10 بجے کتاب کی تیئیسویں بین الاقوامی نمائشگاہکے شبستان حال میں حاضر ہوئے اور تین گھنٹے تک نمائشگاہ کے مختلف شعبوں میں کتابوں کا مشاہدہ کیا اور کتاب کی نشر و اشاعت کے بارے میں سوالات کئےاور تازہ ترین صورتحال سے آگاہ ہوئےـ